قرارداد

PESCO ہزارہ سرکل ایبٹ آباد 04 ڈویژن، 20 سب ڈویژن اور 16 گرڈ سٹیشن پر مشتمل ہے۔ جبکہ بجلی صارفین کی تعداد 415236 ہے۔ صارفین کی اتنی بڑی تعداد اور ہزارہ سرکل ایبٹ آباد کے انتظام کو سنبھالنے کیلئے موجودہ سٹاف کی قلت و خالی آسامیوں پر تاحال تعیناتی نہ کرنا انتہائی پریشان کن صورتحال ہے۔ نیز فیلڈ میں کام کرنے والا تقریبا 20٪ سینئر لائن سٹاف دسمبر 2021 تک ریٹائرڈ ہو جائیگا۔ جس سے فیلڈ کا کام بند ہونے کا قوی اندیشہ ہے۔

اسوقت ایڈمن اسسٹنٹ کی 84٪، LS-I 81٪، کمرشل اسسٹنٹ 73% ,LS-II 54%, یوڈی سی 89%, ایل ڈی سی 72 %, جونیئر کلرک 92%, میٹر ریڈر 36%, اسسٹنٹ لائن مین 90%, اور بل ڈسٹری بیوٹر کی 85% آسامیاں خالی پڑی ہیں۔ مجموعی طور پر سٹاف کی تقریبا 70 % آسامیاں خالی ہیں۔

لھذا یہ اسمبلی صوبائی حکومت سےپرزورسفارش کرتی ہے کہ وہ مرکزی حکومت سے اس امر کی سفارش کرے کہ ان نامساعد حالات میں افرادی قوت کی کمی کو پورا کرنے اور بجلی ترسیل و نظام کو بلا تعطل برقرار رکھنے کیلئے پیسکو ہزارہ سرکل ایبٹ آباد میں فی الفور مقامی کلریکل سٹاف، اسسٹنٹ لائن مین، میٹرریڈر اور بل ڈسٹری بیوٹر کی اسامیوں پر Daily wages یا contract پر بھرتی کرکے ہزارہ سرکل ایبٹ آباد کو کسی بھی بحران سے بچائے۔

نذیر احمد عباسی
ممبر صوبائی اسمبلی
خیبر پختونخواہ

بابر سلیم سواتی

PK-81

Passed Unanimously
25/5/021
5:25 p.m.

RESOLUTION

Session No. 18th

Notice No. 1346

Received Time: 6:00

Received Date: 25/5/2021

From Mr./Ms. نذیر احمد عباسی, MPA

Receiver Sign: [signature]